سوال

یوٹیوب کا استعمال السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ یوٹیوب کا استعمال

جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سوال : کیا موجودہ صورتحال میں یوٹیوب کا استعمال درست ہے ، جب کہ گستاخانہ فلم ابھی تک اس پر موجود ہے ۔ ؟ الجواب بعون الوھاب موجودہ صورتحال میں کفار کی حوصلہ شکنی ، اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ محبت کا اظہار کرتے ہوئے یوٹیوب کو استعمال کرنا درست نہیں ہے ۔ تاکہ ان کا اقتصادی خسارہ زیادہ سے زیادہ ہو اور وہ دوبارہ ایسی حرکات کرنے سے بازرہیں ۔ کافر کبھی مسلمانوں کے دوست نہیں ہوسکتے ، مسلم ممالک کو چاہیے کہ وہ یوٹیوب کے مقابلے میں ایسی ہی کوئی اچھی سے سائٹ لانچ کریں ، جو یوٹیوب کا مقابلہ کر سکے ۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتویٰ کمیٹی

محدث فتویٰ